www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی

SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

No-1 SE



RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:178 05.07.2025 SATURDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:178 سنیچر ۵ جولائی ۲۰۲۵ مطابق ۹ محرم الحرام ۱۴۴۷ھ صفحات:08

काफ़ी सालो से आपकी खिदमत में लखनऊ की सबसे बेहतर सेवा देने वाली ट्रैवल कंपनी अब आपके शहर पटना में

Riyaz TOUR & TRAVELS | RIYAZ GROUP .COM RG A Signature of Excellence

जुलाई 2025 में नए सीजन की शुरुआत और भी नयी और बेहतर सहूलियतों के साथ

| | | |
|---|---|---|
| 05 JUL 25 - 21 JUL 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |
| 13 JUL 25 - 30 JUL 25 | RS. 90000 | 18 DAYS |
| 23 JUL 25 - 08 AUG 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |

उमराह पैकेज के साथ मिलने वाली सहूलियात ::

INCLUSIONS: VISA, INSURANCE, HOTEL, BUFFET MEALS, TRANSFERS, Wi-Fi, COMPLETE ZIYARAT, LAUNDRY SERVICE, Zam-Zam

दिल्ली से डायरेक्ट फ्लाइट

DOCUMENTS REQUIRED FOR UMRAH
VALID PASSPORT
PAN CARD
2 PHOTOGRAPHS
WITH WHITE BACKGROUND

FOR PATNA TO PATNA FACILITY, YOU WILL HAVE TO PAY EXTRA CHARGES

MOHD. SADIQUE +91-7388963339
MD SHARIQUE +91-8235342497
RIYAZ AHMAD +91-9935570058

ADD.: Shop No. 5, Ground Floor, Ayesha Complex, West of Training School (SCERT Bihar), Mahendru, Patna - 800006 (Bihar)
HEAD OFF.: FF 3-4, GALAXY BUILDING, HARDOI ROAD, THAKURGANJ, LKO - 226003

غارِ حراٹورس اینڈ ٹریولس

Jharkhand and Bihar's Most Trusted & Reliable Travel Agency for Umrah

DEPARTURES 01 10 AUG 2025
ARRIVALS 15 24 AUG 2025

GHARE HERA TOURS & TRAVELS

Month of August 2025

حج وعمرہ

Premium UMRAH package 85,000/- Per Person
Mumbai To Mumbai
Delhi To Delhi

BOOK NOW

Premium UMRAH package 95,000/- Per Person
Ranchi To Ranchi
Patna To Patna

MAKKAH MAATHER AL JAWAR or SIMILAR (Located 550 meters from the Haram)
MADINA HAYAH SALAM SILVER or SIMILAR (Located 150 meters from the Haram)

THE SMART WAY TO GO UMRAH AND HAJJ

Package Inclusions
- Guaranteed 3 Umrahs
- Round-Trip Airfare
- Umrah Visa
- Health Insurance
- All Transportation in Air-Conditioned Buses
- Three Daily Meals Featuring a Premium "Golden Menu"
- Extensive Ziyarat Tour (Covering Over 60 Sites)
- Travel Bag with Essential Documents
- Laundry Services Included
- 5 Liters of Zam-Zam Water (Free of Charge)
- Services of an Experienced Tour Guide

GHARE HERA TOURS AND TRAVELS
HEAD OFFICE : Maulana Jamil Akhtar (R.A) House, L.F. Road, Hind Piri, Ranchi-834001 (Jharkhand)
+91 9304780497 +91 9431985268

دیارِ حرم
حج عمرہ ٹورس پرائیویٹ لمیٹڈ
DAYARE HARAM HAJJ UMRAH TOURS PVT LTD

IATA

عمرہ

السعودية Saudia

15 DAYS UMRAH TOUR 2025
Economy Package

Direct Flights / Via Flights DEL JED DEL

DEPARTURE: 13 Jul. 2025 / RETURN: 28 Jul. 2025

| | |
|---|---|
| 5 & 4 Sharing Room | Rs. 69,999/- |
| 3 Sharing Room | Rs. 83,000/- |
| 2 Sharing Room | Rs. 93,000/- |

Package Includes:
Return Air Ticket |
Umrah Visa with Insurance |
Best of Accommodation
Indian Meals 3 Time |
Air-conditioned Transportation |
Local Ziyarats in Makkah & Madinah |
5 Liters Zam Zam |
2 Time Laundry | Gifted Umrah Kit |
Exprienced Tour Guide

Abdur Razaque +91 95556 59996

Document Required
* Valid Passport 6 Months
* Pan Card
* 2 Pc Photo (with White Background)
* Final Vaccination Certificate

HOTEL DETAIL
MAKKAH: Jaddah Al Khalil Hotel / SIMILAR (9 Nights 3 STAR - 1000 Mtr.), (Free Bus Service)
MADINAH: Burj Mukhtara Hotel / SIMILAR (5 Nights 3 STAR - 800 Mtr.)

DAYARE HARAM HAJJ UMRAH TOURS PVT. LTD.
1st Floor, Shop No- 5 & 6, M.H. Market Karamganj Road, Near Shiksha Bhawan Laheriasarai, Darbhanga, Bihar - 846001
Mob- +91 9031310178, Tel- 06272-351228

Web : www.dayareharam.com
Email : info@dayareharam.com

ZAM ZAM
زم زم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
Hajj Umrah Tour & Travel

Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| | | |
|---|---|---|
| 20 Jul 25 to 04 Aug 25 | 02 Sep 25 to 18 Sep 25 | 22 Oct 25 to 05 Nov 25 |
| DELHI to DELHI | DELHI to DELHI | DELHI to DELHI |
| 90,000/- | 90,000/- | 90,000/- |

PATNA to PATNA ₹1,10,000/-
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA

Hotel in Makkah :- Dar Al-Khalil Rushad Hotel or Similar Tara Ajyad Hotel
Package Includes
Hotel in Madina :- Guest Time & Riyadh Al Zahra Hotel or Similar

Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance

9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246

CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | ALAMGANJ PATNA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir 9308841431 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Raja Ansari 8877690469 | Md. Chand 8210695856 | Md. Rizwan 8292847945 |

NAFISA HAJJ & UMRAH TRAVELS

UMRAH 2025
From July 1st week For 15 Days
SUPER SAVER
70,500
Flight from Delhi to Delhi
Bus Service at Makkah

ECONOMY UMRAH PACKAGES
From July 1st week For 15 Days 80,500 Flight from Patna to Patna
From July 1st week For 15 Days 90,500 Flight from Darbhanga to Darbhanga

Package Inclusions | Air Ticket, Visa, Hotel, Insurance, Food, Transport, Ziyarat, Zamzam
For Enquiry Contact | 9835686530, 9667048262 Darbhanga 7763987517, 9470035621 Kishanganj

H.O. BAZAR SAMITI, SHIVDHARA, DARBHANGA

Documents Required
Passport (6 months valid from departure)
2 Passport Size Photo
Pan Cards
Residence:
Hotel at Makkah: Within 1.5 km
Hotel at Madina: Within 700 m

UMRAH 2025
From July 1st week For 15 Days
DELUXE
95,500
Flight from Delhi to Delhi
Hotel at Makkah: Within 300 m
Hotel at Madina: Within 200 m

# شہادت حسین ۔۔ کا تاریخی پس منظر!



مولانا محمد محفوظ قادری
9759824259

نواسہ رسول ،حضرت علی و فاطمہ رضی اللہ عنہما کے لخت جگر حضر امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے جاں نثار ساتھیوں کی 10 محرم الحرام کو (کربلا کے میدان میں) شہادت واقع ہوئی ہے اور یہ واقعہ تاریخ اسلام میں قیامت صغریٰ سے کم نہیں ہے کیونکہ آپ کی یہ جنگ حق اور باطل کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین مبین کی بقا، کی خاطر تھی۔ اللہ نے آپ کے ذریعہ اس دین مبین کو ایسی بقاء عطا فرمائی کہ آج تک نہ کوئی اس دین حق کو مٹا سکا ہے اور نہ کوئی صبح قیامت تک اس دین کو مٹانے کی جرأت کرسکتا ہے کونکہ اس دین حق کا حامی و ناصر اللہ رب العزت خود ہے ۔**مناقب حسینؓ:** حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی پیدائش مبارک 5 شعبان المعظم 4ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا اسم مبارک حسین اور شبیر رکھا، آپ کی کنیت ابوعبداللہ،اورلقب سبط رسول ،ریحانۃ الرسول ہے۔آپ کو بڑے بھائی (حسن رضی اللہ عنہ) کی طرح جنتی جوانوں کا سردار اور فرزند بنایا ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چچی حضرت ام الفضل بنت الحارث ،حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ ایک دن رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئیں،اور عرض کی یارسول اللہ! آج میں نے ایک پریشان کرنے والا خواب دیکھا ہے ،حضور صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کیا وہ کیا ہے۔۔؟ عرض کی وہ بہت ہی شدید ہے۔ان کو اس خواب کے بیان کرنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی،آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کئی مرتبہ معلوم کرنے پر عرض کیا کہ میں نے دیکھا جسم اطہر کا ایک ٹکڑا کاٹا گیا اور میری گود میں رکھا گیا۔(حضور علیہ السلام نے) ارشاد فرمایا تم نے بہت اچھا خواب دیکھا ہے،انشاء اللہ فاطمۃ الزہرا (رضی اللہ عنہا) کے بیٹا ہوگا اور وہ تمہاری گود میں دیا جائے گا۔ایسا ہی ہوا،حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے اور حضرت ام الفضل کی گود میں دیے گئے۔ام الفضل فرماتی ہیں کہ میں نے ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر حضرت امام حسین کو رسول اللہ کی گود میں دیا،کیا دیکھتی ہوں کہ (آپ) کی چشم مبارک سے آنسوں کی لڑیا جاری ہیں،میں نے عرض کی یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! یہ کیا حال ہے ۔فرمایا (پیارے رسول نے) جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور انہوں نے یہ خبر دی کہ میری امت اس فرزند کو قتل کرے گی،میں نے کہا: کیا اس کو۔۔؟ فرمایا ہاں! اور میرے پاس اس کے مقتل کی سرخ مٹی بھی لائے۔(رواہ البیہقی فی الدلائل)۔احادیث میں شہادت حسین رضی اللہ عنہ کی خبریں کثرت سے آئیں ہیں۔ابن سعد وطبرانی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مجھے جبریل نے خبر دی کہ میرے بعد میرا فرزند حسین زمین ''طف'' میں قتل کیا جائے گا ،جبریل امین میرے پاس یہ مٹی لائے ،انہوں نے عرض کی یہ حسین کی خواب گاہ (مقتل) کی خاک ہے۔طف قریب کوفہ اس مقام کا نام ہے جس کو کربلا کہتے ہیں۔(المعجم الکبیر للطبرانی)۔حضرت فاطمہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ (حسین) سینے سے قدم تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے،اور شواہد النبوہ میں آپ کے حسن وجمال کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ اندھیرے میں بیٹھتے تو آپ کی مبارک پیشانی اور رخساروں سے روشنی نکل کر قرب وجوار کو روشن کر دیتی تھی۔اپنے دونوں نواسوں حسنین کریمین کی فضیلت کو بیان کرتے ہوئے تاجدار کائنات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حسن اور حسین دونوں جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔**یزید بن معاویہ:** ابوخالد اموی وہ بدنصیب شخص ہے کہ جس کی پیشانی پر پیارے رسول کے اہل بیت کو بے گناہ قتل کرنے کا سیاہ داغ ہے۔ہر زمانے میں دنیائے اسلام ''یزید'' پر ملامت کرتی رہی ہے اور تا قیامت کرتی رہے گی۔یہ بدبخت،سیاہ دل،ننگ خاندان 25ھ میں امیر معاویہ کے گھر میسون بنت بحدل کلبیہ کے پیٹ سے پیدا ہوا ،بہت ہی فاسق ،فاجر،شرابی ،بدکار،ظالم ،بے ادب اور گستاخ تھا۔عبداللہ بن حنظلہ ابن الغسیل رضی اللہ عنہما نے فرمایا: خدا کی قسم! ہم نے یزید پر اس وقت خروج کیا جب ہمیں اندیشہ ہوگیا کہ اس کی بدکاریوں کے سبب آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں۔محرمات کے ساتھ نکاح،سود اور منہیات کو اس نے اعلانیہ طور پر رائج کیا۔مدینہ طیبہ ومکہ مکرمہ کی اس نے بے حرمتی کرائی ۔اصحاب اسرار وفراست اس وقت سے ڈرتے تھے کہ سلطنت اس شقی و بدبخت کے ہاتھ میں نہ آجائے۔ 59ھ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دعا کی اللہم انی اعوذ بک من رألستین وامارۃ الصبیان ''اے پروردگار! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں 60ھ کے آغاز اور لڑکوں کی حکومت سے'' اس دعا سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جو حامل اسرار تھے وہ سمجھتے تھے کہ 60ھ کا آغاز لڑکوں کی حکومت اور فتنوں کا وقت ہے اسی وجہ سے انہوں نے 59ھ میں مدینہ منورہ کو ہجرت فرمائی۔رویانی نے اپنی مسند میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث روایت کی ہے جس کا خلاصہ اس طرح ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ نے فرمایا ''میری سنت کو سب سے پہلے بدلنے والا بنی امیہ کا ایک شخص ہوگا جس کا نام یزید ہوگا'' ۔ابویعلی نے اپنی مسند میں حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میری امت میں عدل وانصاف قائم رہے گا ،یہاں تک کہ پہلا رخنہ انداز وبانی ستم بنی امیہ کا ایک شخص ہوگا جس کا نام یزید ہوگا'' (سوانح کربلا ،مصنف صدرالافاضلؒ ،مرادآبادی)۔بہرحال حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد رجب 60ھ -680ء میں یزید بن معاویہ خلیفہ مقرر ہوا اس کی عمر 24 سال تھی ۔حضرت امیر معاویہ یزید کی خلافت کیلئے اپنی حیات میں ہی سب سے بیعت لے چکے تھے سوائے مکہ اور مدینے کے مقتدر حضرات کہ جن میں حضرت امام حسین ،عبد اللہ بن زبیر ،عبداللہ بن عمر،عبداللہ بن عباس ،اور عبدالرحمان بن ابی بکر نے یزید کی بیعت سے انکار کر دیا تھا۔باپ کے بعد جب یزید تخت نشین ہوا تو یزید کو تخت نشین ہوتے ہی سب سے پہلے ان حضرات سے بیعت لینے کی فکر ہوئی۔یزید نے مدینہ کے حاکم ولید بن عقبہ کو خط لکھا کہ امیر معاویہ کی موت اور میرے تخت نشین ہونے کا کسی کو علم ہو اس سے پہلے تم حسین بن علی اور عبداللہ بن زبیر سے جس طرح بھی ممکن ہو میری بیعت حاصل کرلو ،اس فرمان کے حاصل ہوتے ہی ولید بن عقبہ نے حضرت امام حسین اور عبد اللہ بن زبیر کو اپنے پاس بلایا۔یہ دونوں حضرات اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ ولید کے پاس پہنچے،ولید نے امیر معاویہ کی وفات کی ان حضرات کو خبر دی اور یزید کے حق میں بیعت کی خواہش ظاہر کی۔یہ سن کر حضرت امام حسین نے فرمایا مجھ جیسے لوگ چھپ کر بیعت نہیں کیا کرتے سب کو جمع کرو اور مجمع عام بیعت لو ولید امن پسند حاکم تھا یہ جواب سن کر خاموش ہوگیا اور حضرت امام حسین وہاں سے رخصت ہونے لگے تو مروان نے ولید سے کہا کہ اگر تم نے ان سے آج بیعت نہیں لی تو پھر کبھی موقع نہیں مل سکے گا یا تو ان سے زبردستی بیعت لو یا پھر بیعت نہ کرنے کا ان سے انتقام لو،مروان کے یہ جملے سن کر حضرت امام حسین نے پیچھے کو پلٹ کر کہا دوسروں کو بزدلانہ مشورہ کیوں دیتے ہو اگر ہمت ہے تو خود ہی مقابلہ پر آجاؤ یہ حسینی جذبات سن کر مروان گھبرا گیا اور حضرت امام حسین کی خوشامد کرنے لگا بہرحال حضرت امام حسین اور عبداللہ بن زبیر وہاں سے واپس آگئے اور حالات کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے آپ نے مع متعلقین مکہ کو جانے کی تیاری شروع کردی،حضرت عبداللہ بن زبیر اسی رات مدینہ سے مکہ کو روانہ ہوگئے مگر حضرت امام حسین ایک یا دو دن کے بعد روانہ ہوئے،روانگی سے قبل حضرت امام حسین مع اہل وعیال اپنے نانا جان تاجدار کائنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک پر حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا اور مدینہ سے جدائی کا غم لیکر اہل بیت کا یہ چھوٹا سا مقدس قافلہ مدینہ سے مکہ کیلئے روانہ ہوگیا۔**کوفیوں کی طرف سے خطوط کا ملنا:** عراقیوں کی حالت بہت عجیب تھی یہ ایک طرف امیر معاویہ کے بہت بڑے مخالف اور دوسری طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کا سچا عاشق بن کر دکھاتے تھے لیکن جب امیر معاویہ سے مقابلہ کا وقت آتا تو یہ میدان سے بھاگتے ہوئے نظر آتے لیکن جب بھی ان کو موقع ملتا تو یہ عاشقان اہل بیت بن کر میدان میں ضرور آجایا کرتے تھے خواہ ان کو میدان چھوڑنا ہی کیوں نہ پڑے۔یزید کی تخت نشینی کے بعد یہ عاشقان علی ایک بار پھر میدان میں آگئے اور انہوں نے حضرت امام حسین کے مکہ پہنچنے کے بعد سینکڑوں خطوط بھیج کر حضرت امام حسین سے درخواست کی سارا عراق آپ کے ساتھ ہے کوفہ آکر ہم سب مسلمانوں کو یزید کی ناپاک حکومت سے بچا لیجئے ،اور کوفیوں کا ایک وفد بھی اپنا معروضہ لیکر حضرت امام حسین کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اہل کوفہ اور پورا عراق آپ کے ساتھ ہے آپ ہمارے ساتھ چل کر حکومت سنبھال لیجئے۔حضرت امام حسین نے ان کا یہ جوش وجذبہ دیکھ کر خود جانے کے بجائے اپنے چچا زاد بھائی مسلم بن عقیل کو کوفہ روانہ کیا تاکہ مسلم بن عقیل وہاں کا معائنہ کرکے صحیح حالات سے مطلع کریں ۔**ہزارہا کوفیوں کا بیعت کرنا:** مسلم بن عقیل نے کوفہ پہنچ کر مختار بن عبید ثقفی کے یہاں قیام کیا اور کوفی گروہ در گروہ مسلم بن عقیل کی خدمت میں حاضر ہونے لگے اور مسلم بن عقیل کو یقین دلایا کہ ہم حضرت امام حسین پر اپنا جان ومال سب کچھ قربان کرنے کی قسمیں کھاتے ہیں اُس وقت کوفہ کے حاکم نعمان بن بشیر تھے ان کو معلوم ہوا کہ یزید کی حکومت کا تختہ پلٹنے کیلئے مختار بن عبید کے گھر پر مسلم بن عقیل کے ذریعہ سازشیں ہورہی ہیں ،تو نعمان حاکم نے مختار اور دوسرے لوگوں کو آگاہ کیا کہ وہ اس فتنہ پردازی سے باز آجائیں لیکن انہوں نے کوئی سخت قدم نہیں اٹھایا۔نعمان کی اس تنبیہ کے بعد مسلم بن عقیل ہانی بن عروہ کے مکان پر منتقل ہوگئے اور یہاں اٹھارہ ہزار کوفیوں نے مسلم بن عقیل کے ہاتھ پر حضرت امام حسین کی خلافت کیلئے بیعت کرلی ،یہ عقیدت ومحبت دیکھ کر مسلم بن عقیل نے حضرت امام حسین کو خط لکھا کہ یہاں ہر طرح سے حالات سازگار ہیں اٹھارہ ہزار کوفیوں نے میرے ہاتھ پر آپ کے حق میں بیعت کرلی ہے آپ تشریف لے آئیے۔**مسلم بن عقیل اور کوفہ کے حاکم کا مقابلہ:** ہزار ہا کوفیوں کا حضرت امام حسین کے حق میں بیعت کرنا بہت نازک مسئلہ تھا کوفہ کے جاسوسوں نے ایک دم یہ خبر یزید کو دے دی یہ خبر ملتے ہی یزید گھبرا گیا اور یزید نے بصرہ کے حاکم عبیداللہ بن زیاد کو حکم دیا کہ فوراً کوفہ پہنچ کر اس فتنہ کو ختم کرنے کی کوشش کریں اور مسلم بن عقیل کو یا تو کوفہ سے نکال دو یا قتل کرو! عبیداللہ بن زیاد بہت ہی ظالم وجابر شخص تھا اس نے کوفہ آکر اعلان کردیا کہ جو بھی مسلم بن عقیل کو اور اس کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کو پناہ دے گا اس کو سولی پر لٹکا دیا جائے گا اور اس نے مسلم بن عقیل کو تلاش کرنا شروع کردیا یہ خبر ملتے ہی ہانی بن عروہ نے مسلم بن عقیل کو دوسری جگہ منتقل کر دیا ابن زیاد کو معلوم ہوا کہ مسلم کو پناہ دینے میں ہانی کا ہاتھ ہے تو ابن زیاد نے ہانی بن عروہ کو گرفتار کرا لیا اور کہا کہ مسلم کو ہمارے حوالہ کرو ،ہانی نے ابن زیاد سے منع کردیا کہ وہ کسی بھی حالت میں اپنے مہمان کو آپ کے حوالہ نہیں کریں گے یہ الفاظ سن تے ہی ابن زیاد نے غصہ میں آکر ہانی کو بری طرح مار پیٹ کر زخمی کیا اور ان کو قید کر دیا۔ہانی بری طرح پٹائی سے زخمی ہوچکے تھے یہ خبر کوفہ میں چاروں طرف پھیل گئی کہ ہانی کو مار مار کر ابن زیاد نے ہلاک کر دیا ہے جب یہ خبر مسلم بن عقیل کو ملی کہ ان کے میزبان کو ان کی وجہ سے ابن زیاد نے قتل کرا دیا ہے اور ان کا جرم یہ ہے کہ انہوں نے خاندان اہل بیت کے ایک فرد کو پناہ دی ہے یہ سن تے ہی مسلم بن عقیل کی غیرت ایمانی جوش میں آگئی اور اپنے ساتھ اٹھارہ ہزار کوفیوں کو لیکر میدان میں آگئے اور عبیداللہ بن زیاد کو قصر امارت میں گھیر لیا۔**مسلم بن عقیل کی شہادت اور کوفیوں کی غداری:** عبیداللہ بن زیاد کیلئے یہ بہت ہی دشوار وقت تھا اس کے پاس صرف پچاس آدمی تھے اور حفاظتی انتظامات بھی مکمل نہیں تھے ابن زیاد نے کوفہ کے سرکردہ حضرات پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے قبیلہ کے لوگوں کو واپس بلائیں اور اعلان کریں کہ جو شخص امیر کی اطاعت کرے گا اسے انعام سے نوازہ جائے گا اور جو مخالفت کرے گا اس کو سخت سزا دی جائے گی ،اس اعلان کو سن تے ہی تمام عاشقان اہل بیت جو امام حسین کے حق میں مسلم بن عقیل کے ہاتھ پر بیعت کر چکے تھے ان کا جوش وجذبہ ٹھنڈا ہوگیا اور مسلم بن عقیل کے ساتھیوں کی ایک بڑی تعداد ابن زیاد کی دھمکی سے ڈر کر مسلم بن عقیل سے الگ ہوگئی،اور کچھ لوگوں نے سرکردہ حضرات کے کہنے پر انعام کے لالچ میں آکر مسلم بن عقیل کا ساتھ چھوڑ دیا غرض کہ اٹھارہ ہزار کے مجمع میں سے صرف تیس آدمی اُن کے ساتھ باقی بچے ،اس طرح کوفیوں نے غداری کرکے اپنی قدیم روایت کو زندہ کیا ،مسلم بن عقیل نے جب کوفیوں کی غداری دیکھی تو پہلے آپ نے ایک مکان میں پناہ لی لیکن غداروں نے اس مکان کا بھی پتہ بتا دیا اور ابن زیاد کی فوج نے اس مکان کو چاروں طرف سے گھیر لیا آپ نے اپنے آپ کو گھرا ہوا دیکھ کر جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے فوج سے مقابلہ شروع کردیا تیس آدمی جو آپ کے ساتھ باقی رہ گئے تھے وہ بھی فرار ہوگئے اور آپ اکیلے لڑتے رہے یہاں تک آپ زخموں سے چور ہوکر گر پڑے اور آپ کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے سامنے لایا گیا تو ابن زیاد نے آپ کو قتل کرا دیا۔آپ نے شہادت سے قبل عمر بن سعد جو ان کا قریبی عزیز اور اموی حکام میں سے تھا اس کو یہ وصیت کی حضرت امام حسین کو یہاں کے تمام حالات و واقعات سے آگاہ کردیں اور ان کو راستہ سے ہی واپس کردینا۔**امام حسین رضی اللہ عنہ کی کوفہ کو روانگی:** کوفہ میں قیامت برپا ہوچکی تھی اور حضرت امام حسین مکہ سے کوفہ کی طرف سفر کی تیاری میں مصروف تھے مسلم بن عقیل کا وہ خط کہ جس میں اٹھارہ ہزار کوفیوں کی بیعت کی خبر تھی اس نے حضرت امام حسین کو شک میں ڈال دیا تھا حضرت امام حسین سے محبت کرنے والے لوگ جن میں خاص طور سے عمر بن عبدالرحمان ،عبد اللہ بن عباس ،عبد اللہ بن زبیر ان سب ہی لوگوں نے آپ کے اس فیصلہ کی مخالفت کی اور آپ کو گذشتہ غداریوں اور دھوکہ دہی کے واقعات یاددلائے لیکن آپ اپنے ارادے پر قائم رہے۔عبداللہ بن عباس نے دیکھا کہ آپ ماننے کو تیار نہیں ہیں اور کوفہ جاکر ہی رہیں گے تو انہوں نے آپ سے گزارش کی کہ اہل عیال کو ساتھ لیکر نہ جاؤ،لیکن اللہ کا حکم کچھ اور تھا ساری کوششیں وتدابیر ناکام ہو گئیں اور حضرت امام حسین کے ارادے میں ذرہ برابر تبدیلی نہیں آئی بلکہ بعض مئورخوں کا بیان ہے کہ چاہنے والوں نے جب آپ کو کوفہ جانے سے روکنے کی زیادہ کوشش کی تو حضرت امام حسین نے فرمایا کہ نانا جان نے مجھے بذریعہ خواب یہی حکم دیا ہے کہ میں اس کو پورا کروں! اور میرا سر جائے یا رہے۔بہرحال آپ اپنے چاہنے والے عزیزوں اور رشتہ داروں کو روتا ہوا چھوڑ کر اہل بیت کے مختصر قافلہ کو لیکر ذی الحجہ 60ھ کو کوفہ کیلئے روانہ ہوئے۔**حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزیدی فوج:** حضرت امام حسین راستہ میں ہی تھے کہ کوفہ سے آنے والے لوگوں نے مسلم بن عقیل کی شہادت کی خبر دی یہ خبر سن کر آپ کو بے حد رنج وغم ہوا اور ساتھ میں چلنے والوں نے مشورہ دیا کہ یہیں سے کوفہ جانے کا ارادہ ملتوی کردیا جائے لیکن مسلم بن عقیل کے بھائیوں نے کہا کہ ہم واپس نہیں ہوں گے یا تو ہم اپنے بھائی کا بدلہ لیں گے یا ہم بھی اپنی جانیں قربان کردیں گے اور سفر جاری رہا اس قافلہ کو آگے چل کر عمر بن سعد کا بھیجا ہوا قاصد ملا جو مسلم بن عقیل کی وصیت کے مطابق حضرت امام حسین کو کوفہ جانے سے روکنے کیلئے آرہا تھا آپ نے اس سے حالات معلوم کرنے کے بعد اپنے ساتھیوں سے کہا کہ مسلم بن عقیل اور ہمدرد ساتھیوں کو شہید کردیا گیا ہے کوفیوں نے اپنا وعدہ توڑ دیا ہے حالات نازک ہیں تم میں سے جو بھی واپس جانا چاہے جا سکتا ہے آپ کے اس فرمان کے بعد جو لوگ راستہ میں سے شامل ہوئے تھے واپس ہوگئے۔ابن زیاد کو مکہ سے حضرت امام حسین کی روانگی کی خبر ہوچکی تھی اس نے حُر بن تمیمی کو ایک ہزار کا لشکر لیکر حضرت امام حسین کے مقابلہ کیلئے روانہ کیا اور حکم دیا کہ امام حسین اور ان کے ساتھیوں کو گھیر کر میرے پاس لے آؤ۔حُر کے دل میں حضرت امام حسین کی بہت زیادہ محبت وعظمت تھی حُر نے امام حسین کے قافلہ کو گھیر کر ان کو موقع دیا کہ وہ رات کے وقت کسی اور طرف نکل جائیں لیکن حضرت امام حسین نے کسی اور طرف جانا گوارہ نہیں کیا اور یہ قافلہ آگے کو بڑھتا رہا اور یہ مقدس قافلہ 2 محرم الحرام 61ھ کو کربلا کے میدان میں خیمہ زن ہوگیا۔3 محرم کو عمر بن سعد بھی چار ہزار کا لشکر لیکر حضرت امام حسین سے مقابلہ کیلئے کربلا کے میدان میں پہنچ گیا،یہ امام حسین کا عزیز تھا مگر اس کو رَے کی حکومت کا لالچ دیکر بھیجا گیا تھا۔عمر بن سعد کیلئے یہ امتحان کا وقت تھا سوچنے لگا کہ اگر امام حسین اور ان کا قافلہ اس کے ہاتھ سے مارا جاتا ہے تو وہ قیامت تک کسی کو منھ دکھانے کے قابل نہیں رہے گا اور اگر جنگ سے بھاگتا ہے تو رَے کی حکومت ہاتھوں سے جاتی رہے گی۔عمر بن سعد نے سوچا کہ کسی بھی طرح آپس میں سمجھوتا کرادیا جائے لیکن اس کی یہ تمام کوششیں ناکام ہوئیں اور 7 محرم کو ابن زیاد کی طرف سے اسے حکم ملا کہ دریا پر پہرا لگا دو تا کہ اہل بیت کو پانی بھی میسر نہ ہو سکے،لیکن پہرے کے باوجود بھی حضرت امام حسین کے سوتیلے بھائی عباس بن علی لڑ جھگڑ کر پانی لے ہی آتے تھے ۔**شمر سے مقابلہ:** ابن زیاد کو عمر بن سعد پر شک ہوگیا کہ یہ امام حسین سے ملا ہوا ہے اس لئے ابن زیاد نے شمر ذی الجوشن کو امام حسین کے مقابلہ کیلئے بھیجا اور عمر بن سعد کو لکھا کہ تم نے حسین سے مصالحت کیلئے کئی دن برباد کردئے ہیں میرے اس حکم کے ملتے ہی یا تو حسین سے بیعت لیکر میرے پاس لے آؤ یا پھر جنگ شروع کردو۔عمر بن سعد کو 9 محرم کو جب یہ حکم ملا تو اس کے دل کی حالت بھی بدل گئی اور دنیا دین پر غالب آگئی۔اور رَے کی حکومت کے لالچ میں سعد نے امام حسین اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ سختی سے پیش آنا شروع کردیا حضرت امام حسین پر زور دیا گیا کہ وہ یزید کی خلافت قبول کرلیں اور اس کیلئے آپ کے گھر والوں کو طرح طرح سے ستایا گیا،معصوم بچوں کو پانی سے ترپایا گیا،عورتوں کے خیموں کو آگ لگانے کی ناپاک کوشش کی گئی مگر حضرت امام حسین کے ارادے ذرہ برابر سر نہ ہوسکے اور آپ اپنی بات پر پتھر کی چٹان کی طرح قائم رہے۔نہ سختیاں آپ کے قدم پیچھے کو ہٹا سکیں اور نہ دنیوی عیش وآرام آپ کے قدم ڈگمگا سکا آپ برابر یزید کی بیعت سے انکار کرتے رہے۔**حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت:** آخر 10 محرم الحرام 61ھ کو حق وباطل کی وہ جنگ چھڑ ہی گئی جس پر انسانیت قیامت تک آنسو بہا کر شرمسار ہوتی رہے گی جنگ شروع ہونے سے قبل امام حسین نے اپنے بھائیوں ،بیٹوں ،بھتیجوں اور ساتھیوں سے کہا کہ میرے ساتھ اپنی جانوں کو قربان نہ کرو لیکن مردوں ،عورتوں اور بچوں نے آپ کا ساتھ چھوڑنے سے انکار کردیا۔آپ کی بہن حضرت زینب نے جب بھائی اور پورے خاندان کو جنگ کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھا تو رونے لگیں آپ نے انکو تسلی دی اور صبر سے رہنے کو کہا،جنگ شروع ہوگئی ایک طرف حضرت امام حسین کے قافلہ میں 72 افراد جن میں 22 اہل بیت کے جوان اور خاندان نبوی کی کچھ خواتین اور غلام چھوٹے اور بڑے تین روز سے بھوکے پیاسے شامل تھے۔دوسری طرف چار ہزار پر مشتمل یزیدی لشکر تھا یزیدی لشکر جب ان معصوموں کی جانب بڑھنے لگا تو یزیدی فوج کے ایک نیک دل سردار حُر نے اسے روکنا چاہا لیکن لشکر نہیں رکا تو حُر اور اس کے چند ساتھی حضرت امام حسین کی حمایت میں لڑنے لگے اور لڑکر جان دیدی ۔حضرت امام حسین کے قافلہ میں اگرچہ گنے چنے آدمی تھے وہ بھی تین دن کے پیاسے تھے لیکن ان میں سے ہر ایک نے جرأت وبہادری کی ایسی مثال پیش کی جسے رہتی دنیا تک فراموش نہیں کیا جاسکتا ان میں سے ایک ایک یا دو دو مجاہد آگے کو بڑھتے اور یزیدی لشکر کو چیرتے ہوئے آگے کو بڑھتے چلے جاتے جب حسینی قافلہ کے اکثر لوگ شہید ہوگئے تو حضرت امام حسین کے صاحبزادے حضرت علی اکبر،عبداللہ بن مسلم اور جعفر طیار کے پوتے عدی میدان کارزار میں آئے اور یہ بھی شہید ہوگئے۔ان کے بعد عبدالرحمان بن عقیل حضرت امام حسن کے صاحبزادے قاسم اور ابوبکر نے جام شہادت نوش فرمایا۔آخر میں حضرت امام حسین خود میدان عمل میں آئے تو یزیدیوں نے چاروں طرف سے تیروں کی برسات شروع کردی ۔حضرت امام حسین زخموں کی کثرت کی وجہ سے نڈھال ہوچکے تھے کہ اُسی وقت ایک بدبخت نے ایسا تیر مارا کہ آپ کا چہرہ بھی لہولہان ہوگیا اور آپ کے جسم مبارک میں زیادہ طاقت باقی نہ رہی ساتھ ہی یزیدیوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا زرعہ بن شریک تمیمی نے آپ کی گردن پر کئی وار کرکے اور زخمی کردیا اور آپ زخموں کی تاب نہ لاکر گر پڑے آپ کے گرنے کے بعد خولی نے سر اقدس جسم مبارک سے جدا کردیا اس طرح حق وباطل کی یہ جنگ اس دردناک سانحہ پر ختم ہوگئی ۔شہادت کے دوسرے دن شہداء کی لاشیں دفن کی گئیں،حضرت امام حسین کا سر مبارک ابن زیاد کے پاس کوفہ روانہ کردیا گیا تھا اس لئے آپ کے جسم مبارک کو بغیر سر کے ہی دفن کیا گیا۔(از۔تاریخ اسلام) الغرض ان کے نانا جان کا لایا ہوا دین آج بھی باقی ہے اور صبح قیامت تک اس دین کے اسی طرح چرچے ہوتے رہیں گے اور جو بھی اس دین کی پناہ میں آجائیگا اللہ رب العزت اس کو بھی دارین کی عزتیں عطا فرمائے گا۔اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ہمارے اندر بھی حسین جیسا جذبہ ایمانی پیدا فرمائے تاکہ ہمارا ظاہر وباطن ہر طرح کے لہو لعب وفسق وفجور سے پاک وصاف ہو، حسینی اخلاق وروح ہمارے اُپر غالب آجائے اور یزیدیت جیسے نفس کا خاتمہ ہو جائے ۔مسلمانوں کو چاہئے کہ دس محرم الحرام کو اہل بیت وشہدائے کربلا کی بارگاہ میں خراج عقیدت (ایصال ثواب، سبیل،لنگر وغیرہ تقسیم کرکے ''شریعت کی حدود میں رہ کر'') پیش کریں،اور دارین کی سعادتوں کے حقدار بنیں۔آمین

